تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May,09 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے حضرت محل گرلز ہاسٹل میں سالانہ جلسے کا انعقاد

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بیگم حضرت محل گرلز ہاسٹل کا سالانہ جلسہ انتہائی جوش وخروش اور تزک واحتشام کے ساتھ مورخہ سات مئی دوہزار چوبیس کو منایا گیا۔اس موقع پر دارالاقامہ کی طالبات نے متنوع سرگرمیوں اور غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ یہ در حقیقت بچیوں کے جذبہ اتحاد، خود مختاریت اور افضلیت کا ثبوت ہے جس سے جامعہ ملیہ اسلامیہ کی سماجی اخلاقیات کی توضیح ہوتی ہے۔

گرلز ہاسٹل کے سالانہ جلسے کے موقع پر پروفیسر اقبال حسین قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ مہمان خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوئے جس سے پروگرام کے وقار میں مزید اضافہ ہوا۔ پروگرام میں شیخ الجامعہ کے ساتھ قائم مقام مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ جناب حدیث لاری، ڈینز، چیف پراکٹر، چیف لائبریرین، پروفیسر انچارج ،صدور شعبہ جات، پرووسٹ (بوائز اینڈ گرلز) اور مراکز کے ڈائریکٹرز بھی موجود تھے۔

سالانہ جلسہ منظّم منصوبہ بندی کے انجام پذیر ہوا جس میں متعدد اور متنوع سرگرمیاں اور فنی مظاہرے ہوئے جن سے سامعین خوب محظوظ ہوئے۔قرآن پاک کی تلاوت سے جلسے کا مبارک ومسعود آغاز ہوا۔جامعہ ملیہ اسلامیہ کا ترانہ گایا گیا جس نے سامعین میں اتحاد اور فخر کی روح جاگزیں کردی۔بیگم حضرت محل گرلز ہاسٹل کی پرووسٹ پروفیسر نیلوفر افضل نے پُر تپاک خیر مقدمی خطبہ پیش کیا جس میں انھوں نے شرکائے بزم کا امتنان کیا اور پروگرام کی آگے کی کاروائی کے لیے فضا سازگار کی۔انھوں نے کہا کہ ”یہ صلاحیتوں کے صیقل کرنے کی کارگاہ ہے جو ذاتی ترقی اور تخلیقیت کے فروغ کے ساتھ خود پر یقین کے احساس کو فزوں تر کرتی ہے“۔

مہمان خصوصی پروفیسر اقبال حسین نے شمع روشن کی جو ہاسٹل میں قیام پذیر طالبات کے لیے علم وحکمت اور دانائی کی تابانی و درخشانی کا استعارہ تھا۔موسیقی، رقص کے بشمول دیگر سحر آفریں تہذیبی وثقافتی پروگراموں سے طالبات کی متنوع صلاحیتوں کا اظہار ہوا۔

پروفیسر اقبال حسین نے تحریک افزا تقریر کی جس میں تعلیم ،خودمختاریت اور نوجوان خواتین کی زندگیوں میں قیادت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر انھوں نے دارالاقامہ میں اپنے گزارے ہوئے دنوں کو بھی جذباتی انداز میں یاد کیا اور دیرپا یادداشتوں کی ایجاد میں ایسی اجتماعات کی اہمیت ووقعت کونشان زد کیا۔

شیخ الجامعہ کی خدمت میں ان کے تعاون اور رہنمائی کے لیے بطور محبت وستائش ایک مومینٹو پیش کیا گیا۔ جامعہ کی رہائشی کوچنگ کے رواں سال کامیاب امیدواروں ،دارالاقامہ کے اچیورز ،پرووسٹ،ڈپٹی پرووسٹ اور وارڈین کی خدمت میں بھی مومینٹوز پیش کیے گئے۔ دوران سال منعقدہ مقابلہ جات کے فاتحین کی صلاحیت اور ان کی محنت و جانفشانی کے اعتراف میں انعامات دیے گئے۔علاوہ ازیں، جیسا کہ شیخ الجامعہ نے اعلان کیا تھا ہاسٹل کی جانب سے اس کا سالانہ نیوز لیٹر'وروی' بھی اس موقع پر جاری کیا گیا۔عشائیہ کے ساتھ پروگرام کا اختتام ہوا۔

ڈپٹی پرووسٹ پروفیسر فرح ناز نے اخیر میں تمام شرکا،مہمانان کا اور پروگرام کو کامیاب بنانے کے لیے منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی